صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعہ 11 دسمبر 2015ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعہ 11 دسمبر 2015ء 28 صفر 1437 ہجری 11 فتح 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 281

شیطانی وساوس کا علاج

حضرت ابوبکرؓ سے ایک دفعہ حضرت عثمانؓ نے کہا ’’کاش! میں نے نبی کریم ﷺ سے یہ مشکل سوال دریافت کرلیا ہوتا کہ شیطانی وساوس کا کیا علاج ہے۔‘‘ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا ’’میں نے نبی کریمؐ سے یہ سوال پوچھا تھا اور آپؐ نے فرمایا تھا کہ کلمہ توحید پڑھ کر اس پر قائم ہوجانا ہی ایسے وساوس کا علاج ہے۔‘‘ (مسند احمد جلد 1 ص 8)

ایک اور موقع پر فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا ہے ’’تمہیں کلمہ اخلاص (یعنی شہادت توحید) اور ایمان باللہ سے بڑھ کر کوئی چیز عطا نہیں کی گئی۔‘‘ (مسند احمد جلد 1 ص 8)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

’’اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف کے شروع ہی میں دُعا سکھائی ہے اور اس کے ساتھ ہی دُعا کے آداب بھی بتا دیئے ہیں۔ سورۃ فاتحہ کا نماز میں پڑھنا لازمی ہے اور یہ دُعا ہی ہے جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اصل دُعا نماز ہی میں ہوتی ہے؛ چنانچہ اس دُعا کو اللہ تعالیٰ نے یوں سکھایا ہے۔ الحمد لله ...... یعنی دُعا سے پہلے ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی جاوے۔ جس سے اللہ تعالیٰ کے لیے روح میں ایک جوش اور محبت پیدا ہو، اس لئے فرمایا۔ الحمد لله سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں۔ رب العالمین۔ سب کو پیدا کرنے والا اور پالنے والا۔ الرحمن۔ جو بلا عمل اور بن مانگے دینے والا ہے۔ الرحیم۔ پھر عمل پر بھی بدلہ دیتا ہے۔ اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی دیتا ہے۔‘‘

(ارشاد فرمودہ 5۔اپریل 1902ء)

’’دعا میں بھی جب تک سچی تڑپ اور حالت اضطراب پیدا نہ ہو تب تک وہ بالکل بے اثر اور بیہودہ کام ہے۔ قبولیت دعا کے واسطے اضطراب شرط ہے۔‘‘ (ارشاد فرمودہ 26 فروری 1908ء)

’’یادرکھو دعا ایک موت ہے اور جیسے موت کے وقت اضطراب اور بے قراری ہوتی ہے اسی طرح پر دعا کے لئے بھی ویسا ہی اضطراب اور جوش ہونا ضروری ہے اس لئے دُعا کے واسطے پورا پورا اضطراب اور گدازش جب تک نہ ہو تو بات نہیں بنتی۔ پس چاہئے کہ راتوں کو اُٹھ اُٹھ کر نہایت تضرّع اور زاری وابتہال کے ساتھ خدا تعالیٰ کے حضور اپنی مشکلات کو پیش کرے اور اس دعا کو اس حد تک پہنچاوے کہ ایک موت کی سی صورت واقع ہو جاوے۔ اس وقت دعا قبولیت کے درجہ تک پہنچتی ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ دعا کے اندر قبولیت کا اثر اس وقت پیدا ہوتا ہے جب وہ انتہائی درجہ کے اضطرار تک پہنچ جاتی ہے۔ جب انتہائی درجہ اضطرار کا پیدا ہوجاتا ہے۔ اس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی قبولیت کے آثار اور سامان بھی پیدا ہو جاتے ہیں۔ پہلے سامان آسمان پر کئے جاتے ہیں۔ اس کے بعد وہ زمین پر اثر دکھاتے ہیں۔ یہ چھوٹی سی بات نہیں بلکہ ایک عظیم الشان حقیقت ہے بلکہ سچ تو یہ ہے کہ جس کو خدائی کا جلوہ دیکھنا ہو اُسے چاہئے کہ دعا کرے۔‘‘

(ارشاد فرمودہ 6 مارچ 1904ء)

’’دعا جب قبول ہونے والی ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے دل میں ایک جوش اور اضطراب پیدا کر دیتا ہے اور بسا اوقات اللہ تعالیٰ خود ہی ایک دعا سکھا تا ہے...... خدا تعالیٰ اپنے راستباز بندوں کو قبول ہونے والی دعائیں خود الہاماً سکھا دیتا ہے۔‘‘ (ارشاد فرمودہ 15 جنوری 1902ء)

مجلس افتاء کے اراکین کی تجدید

(از حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ)

آئندہ کیلئے 30 نومبر 2016ء تک مجلس افتاء کے مندرجہ ذیل اراکین ہوں گے۔

1۔ محترم شیخ مظفر احمد ظفر صاحب
2۔ محترم مبشر احمد کاہلوں صاحب
3۔ محترم سید میر محمود احمد ناصر صاحب
4۔ محترم نواب منصور احمد خان صاحب
5۔ محترم مولانا سلطان محمود انور صاحب
6۔ محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب
7۔ محترم مرزا محمد الدین ناز صاحب
8۔ محترم ڈاکٹر محمد علی خان صاحب
9۔ محترم حافظ مظفر احمد صاحب
10۔ محترم عبدالسمیع خان صاحب
11۔ محترم ملک جمیل الرحمٰن رفیق صاحب
12۔ محترم سید مبشر احمد ایاز صاحب
13۔ محترم سید میر قمر سلیمان احمد صاحب
14۔ محترم سید محمود احمد شاہ صاحب
15۔ محترم وقار احمد خان صاحب ایڈووکیٹ
16۔ محترم ڈاکٹر سید حمید اللہ نصرت پاشا صاحب
17۔ محترم سید قاسم احمد شاہ صاحب
18۔ محترم شیخ کریم الدین صاحب
19۔ محترم ظفر اللہ خان طاہر صاحب
20۔ محترم خواجہ ایاز احمد صاحب
21۔ محترم اسفند یار منیب صاحب
22۔ محترم ڈاکٹر بشیر احمد خان صاحب
23۔ محترم اللہ بخش صادق صاحب
24۔ محترم ڈاکٹر غلام احمد فرخ صاحب
25۔ محترم شبیر احمد ثاقب صاحب

ان کے علاوہ محترم رفیق احمد حیات صاحب امیر جماعت انگلستان اس مجلس کے اعزازی رکن ہوں گے۔

اس مجلس کے صدر محترم شیخ مظفر احمد ظفر صاحب اور سیکرٹری محترم مبشر احمد کاہلوں صاحب ہوں گے۔

اس کے علاوہ مجلس کو یہ بھی اختیار ہوگا کہ وہ دوسرے ممالک کے صاحب علم احمدیوں کو مجلس کا اعزازی ممبر بنانے کیلئے میرے پاس سفارش کرے۔

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

تقسیم اسناد جامعہ احمدیہ جرمنی سے حضور انور کا خطاب

17۔اکتوبر 2015ء سوال و جواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

س: حضور انور نے یہ خطاب کب اور کس موقعہ پر فرمایا؟

ج: حضور انور نے یہ خطاب مورخہ 17۔اکتوبر 2015ء کو جامعہ احمدیہ جرمنی کی پہلی فارغ التحصیل مربیان کلاس جو سات سال کا کورس مکمل کرنے کے بعد میدان عمل میں آرہی ہے سے فرمایا۔

س: میدان عمل میں ایک مربی کی کون سی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں۔اس حوالہ سے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! میدان عمل میں آنے کے بعد آپ لوگوں کو یاد رکھنا چاہئے کہ آپ کی ذمہ داریاں بہت بڑھ گئی ہیں۔ پہلے آپ کی بعض باتوں، بعض عمل اور بعض حرکتوں سے ایک طالبعلم ہونے کی وجہ سے صرف نظر کیا جاتا تھا۔مگر اب آپ کو یاد رکھنا چاہئے کہ آپ طالبعلم تو بیشک ہیں۔لیکن ساتھ ہی آپ سے یہ توقع بھی کی گئی ہے کہ آپ اب استاد بھی ہیں۔ جو علم آپ نے حاصل کیا اور جو آئندہ حاصل کرنا ہے، اس کو آپ نے آگے پھیلانا بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہی فرمایا ہے کہ قول کے لحاظ سے سب سے احسن وہی ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتا ہے، عمل صالحہ کرتا ہے اور پھر یہ اعلان کرتا ہے کہ میں کامل فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

س: حضور انور نے وقف زندگی کے عہد کا ذکر کرتے ہوئے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! آپ نے یہ عہد کیا ہے کہ میں تمام عمر خداتعالیٰ کی تعلیم کو پھیلانے اور اشاعت اور دعوت الی اللہ کیلئے وقف رکھوں گا اور یہ کوئی چھوٹا عہد یا معمولی عہد نہیں ہے۔آپ کو یہ بھی پتہ ہے کہ عہد کی کیا اہمیت ہے اور ہر عہد کے بارے میں پوچھا جائے گا اور وہ عہد جو خداتعالیٰ سے آپ نے کیا ہے اس کو تو خاص طور پر آپ کو یاد رکھنا چاہئے اور آپ پر اس کے بارے میں پوچھے جانے کا خوف ہر وقت طاری رہنا چاہئے۔

س: ایک مربی کے اعمال کیسے ہونے چاہئیں؟

ج: فرمایا! اپنے اعمال پر نظر رکھنے کی ہر وقت ضرورت ہے۔ ان اعمال کی فہرست بنانی ہوگی، ان اوامر و نواہی کی فہرست بنانی ہوگی جن کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں کیا ہے۔اپنی دینی حالت کی درستگی کی طرف توجہ دینی ہوگی۔اب یہ نہیں ہوگا کہ نماز میں اگر سستی ہوگئی، نوافل میں اگر سستی ہوگئی تو کوئی حرج نہیں۔ایک مربی کو یاد رکھنا چاہئے کہ اس کے کام جو خالصۃً اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر نہیں ہوسکتے۔ جب تک کہ آپ کی توجہ نوافل کی طرف نہیں ہوتی، دعاؤں کی طرف نہیں ہوتی، نمازوں کی صحیح ادائیگی کی طرف نہیں ہوتی، نہ آپ کی تربیت میں کوئی اثر ہوسکتا ہے اور نہ آپ کی دعوت الی اللہ میں کوئی اثر ہوسکتا ہے۔

س: فرض عبادت کے ساتھ نوافل کی کیا اہمیت ہے؟

ج: فرمایا! پس جہاں تربیت کیلئے آپ کو اپنے یہ نمونے پیش کرنے ہیں کہ پانچ وقت کی نمازیں باجماعت ادا کرنے کی کوشش کرنی ہے وہاں نوافل بھی ضروری ہیں۔ فرائض کی کمی کو نوافل سے پورا کرنے کا حکم ہے۔ انسان کس طرح یہ دعویٰ کرسکتا ہے کہ اس نے ہر قسم کے فرائض ادا کردیئے خاص طور پر وہ فرائض جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ادا کرنے کا حکم ہے؟ پھر فرائض کا معیار ایک جگہ پر قائم نہیں رہتا بلکہ ہر لمحہ اور ہر دن انسان کی علمی اور روحانی ترقی کے ساتھ وہ معیار بھی بڑھتا جاتا ہے اور پھر یہ بھی علم نہیں کہ آیا وہ معیار بڑھا بھی ہے یا نہیں؟ تو اس کے لئے کس قدر دعاؤں کی ضررت ہوگی؟ اور انسان صرف اللہ تعالیٰ کے حضور خالص ہوتے ہوئے اس کے آگے جھکتے ہوئے اپنے دن اور رات اس کی طرف توجہ رکھتے ہوئے ہی وہ دعائیں کرنے کی کوشش کرتا ہے تا کہ جو کمیاں رہ گئی ہیں وہ پوری ہوجائیں۔

س: اپنی بات میں اثر پیدا کرنے کے لئے مربی کو کیا کرنا چاہئے؟

ج: فرمایا! مربی کے قول وفعل میں تضاد نہیں ہونا چاہئے۔ اپنے بھی جائزے لیتے رہیں کہ جو آپ نصیحت کررہے ہیں، جو آپ تقریر کررہے ہیں، جو آپ خطبے میں لوگوں کو سمجھا رہے ہیں، کیا میں اس پر عمل کرنے کی حتی الوسع کوشش کرتا ہوں؟ کیا جو کمیاں رہ گئی ہیں ان کو اللہ تعالیٰ سے مدد مانگتے ہوئے دور کرنے کی کوشش کرتا ہوں؟ جب یہ ہوگا تو بات میں اثر بھی ہوگا۔لوگوں نے آپ کا نمونہ دیکھنا ہے۔

س: مربی کا اپنا نمونہ اچھا ہونے سے کیا ہوتا ہے؟

ج: فرمایا! لوگوں نے آپ کا نمونہ دیکھنا ہے اور آپ کے نمونے سے کسی کی اصلاح بھی ہوسکتی ہے اور ٹھوکر بھی لگ سکتی ہے۔ پس لوگوں کو ٹھوکر سے بچانے کے لئے اپنے نمونے ایسے رکھیں کہ آپ پر کسی کی انگلی نہ اٹھے۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ لوگ آپ کے ہر قول وفعل کو بہت گہری نظر سے دیکھتے ہیں اور دیکھیں گے۔اس لئے اپنے نمونے قائم کرنے کی کوشش کریں۔

س: جامعہ احمدیہ جرمنی کی پہلی فارغ التحصیل ہونے والی کلاس کے حوالہ سے آپ کی کی ذمہ داریاں ہیں؟

ج: فرمایا! آپ جامعہ احمدیہ جرمنی سے پاس ہونے والی پہلی کلاس ہیں۔ اس لحاظ سے بھی لوگوں کی نظر آپ پر ہوگی کہ یہ پہلی کلاس فارغ ہوئی ہے۔ دیکھیں کہ یہ میدان عمل میں کس طرح کام کرتے ہیں؟ کیا ان کی ٹریننگ ہے؟ کیا ان کا علم ہے؟ کیا ان کی تربیت ہے؟ اور پھر آپ کی حالت کو دیکھ کر جماعت پر تو حرف آتا ہی ہے لیکن اس سے پہلے آپ کی انتظامیہ پر بھی حرف آئے گا۔ پس یہ بھی یاد رکھیں کہ جہاں استاد کی عزت کا سوال ہے وہاں آپ کی ایک ذمہ داری یہ بھی ہے کہ اپنے استادوں کی عزت کو قائم رکھنے کے لئے آپ نے میدان عمل میں بھی اپنے نمونے قائم کرنے ہیں۔اسی طرح آپ کے جو پیچھے آنے والے ہیں، ان کے لئے بھی آپ نے مثال قائم کرنی ہے، نمونے قائم کرنے ہیں۔ گویا کہ پہلی کلاس ہر لحاظ سے جسے انگریزی میں کہتے ہیں Trend Setter ہوتی ہے۔ آپ نے ہی رجحانوں کو متعین کرنا ہے۔

س: علم میں اضافہ کے حوالہ سے حضور انور نے کیا نصیحت فرمائی؟

ج: فرمایا! انسان علم تو گود سے قبر تک حاصل کرتا ہے اس لئے یہ نہ سمجھیں کہ آپ نے جو کچھ جامعہ میں پڑھ لیا وہ کافی ہے۔ اس علم میں آپ نے اضافہ کرتے چلے جانا ہے۔ جامعہ میں پڑھ لینا آپ کے علم کی انتہا نہیں ہے۔ میں پہلے بھی کئی دفعہ مختلف جامعات میں کہہ چکا ہوں اور شاید آپ کو بھی کہا ہو کہ یہ سات سال تو آپ کو ٹریننگ دی گئی ہے کہ پڑھنے کے طریق کیا ہیں؟ کس طرح آپ نے پڑھنا ہے؟ کس طرح آپ نے علم میں اضافہ کرنا ہے؟ کن کن مضامین میں دلچسپی پیدا کرنی ہے؟ کون کون سے مضامین ہیں جو آپ کی تربیت میں آپ کے کام آسکتے ہیں؟ کون سے مضامین ہیں جو دعوت الی اللہ میں آپ کے کام آسکتے ہیں؟ قرآن کریم تو بہر حال ایک ایسی کتاب ہے جو تربیت کیلئے بھی اسی طرح اہم ہے جس طرح دعوت الی اللہ، اصلاح نفس، دوسروں کی اصلاح، اپنی اور دوسروں کی تربیت کیلئے بھی اہم ہے۔

س: آج کل دنیا دین کا کیا نمونہ سمجھ رہی ہے اور اس کے لئے آپ نے کیا کرنا ہے؟

ج: فرمایا! آجکل دنیا کی دین حق پر بہت زیادہ نظر ہے۔ سوال کئے جاتے ہیں کہ دین حق کی تعلیم کیا ہے؟ دین حق کیا کہتا ہے؟ آپ نے دین حق کی خوبصورت تعلیم دنیا کو بتانی ہے۔ آپ نے قرآن کریم کی تعلیم کو ہی واضح کرکے دنیا کو بتانا ہے۔ آپ نے پیار اور محبت کے نمونے کو دنیا کے سامنے پیش کرنا ہے اور اس کیلئے پھر آپ کو دینی علم کے ساتھ ساتھ حالات حاضرہ کا علم ہونا بھی ضروری ہے۔ آپ جہاں بھی متعین ہوں گے وہاں کے ملکی حالات کا آپ کا علم ہونا چاہئے۔ دنیاوی حالات کا آپ کو علم ہونا چاہئے کہ کیا کچھ ہو رہا ہے اور اس کا حل کیا ہے؟ اکثر سوالات ایسے ہیں جب آپ قرآن کریم پڑھیں گے اور اس میں سے تلاش کریں گے تو قرآن کریم میں ان کا حل ملتا ہے۔ پھر آنحضرت ﷺ کی سنت میں سے، آپ ﷺ کی احادیث میں سے حل ملتا ہے۔ پھر حضرت مسیح موعود کے کلام میں وہ حل موجود ہے۔ تو یہ تلاش کریں اور اسی طرح علم میں اضافہ کرتے چلے جائیں۔ دنیا کے جو موجودہ حالات کے بارے میں حضرت مصلح موعود کا مہیا کردہ لٹریچر ہے، آپ کی تقاریر ہیں، خطابات ہیں، ان میں کافی موضوعات ایسے مل جاتے ہیں جن کو اگر آپ پڑھیں تو آپ کو ایک بنیادی ڈھانچہ مل جاتا ہے کہ یہ سوال اس طرح حل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ آپ کو ایک طریقہ کار وضع کرنے کا اصول مل جاتا ہے۔ پھر ان اصولوں پر آگے چل کے آپ موجودہ حالات کے مطابق اس بات کو پھیلا بھی سکتے ہیں۔ اس لئے اس کو پڑھنے کی بہت کوشش کریں۔

س: کامل فرمانبرداری کیا فائدہ دیتی ہے؟

ج: فرمایا! جب تک آپ میں کامل فرمانبرداری نہیں ہوگی، نہ آپ کے علم میں ترقی ہوسکتی ہے، نہ آپ کی عقل میں ترقی ہوسکتی ہے اور نہ آپ کو باتیں کرنے کا سلیقہ آسکتا ہے۔ بلکہ اس کے الٹ ہی ہوگا۔ تکبر بھی پیدا ہوگا اور علم سے دوری بھی ہوگی۔ بعض لوگ خیال کرتے ہیں کہ کامل فرمانبرداری شاید علم کو روکنے کا باعث ہے۔ حالانکہ کامل فرمانبرداری کا مطلب یہ ہے کہ جب یہ لفظ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے لئے استعمال ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی کامل فرمانبرداری کرتے ہوئے اس کے حکموں کی تلاش کرو۔ رسول کی کامل فرمانبرداری کرتے ہوئے رسول کے حکموں کی تلاش کرو۔ یہی چیزیں آپ کو قرآن، حدیث اور حضرت مسیح موعود کے کلام کی طرف متوجہ کریں گی۔ پھر خلفاء کی باتوں کی طرف توجہ دیں کہ خلیفہ وقت کیا کہہ رہا ہے۔ جب یہ کامل اطاعت ہوگی تو آپ کی علم و معرفت بھی بڑھے گی۔ ورنہ تکبر ہے۔

س: کامل فرمانبردار کون ہوتا ہے؟

ج: فرمایا! کامل فرمانبردار کون ہوتے ہیں؟ جیسا کہ میں نے کہا، وہی جو اللہ تعالیٰ کی کامل اطاعت کرنے والے ہیں، رسول کی کامل اطاعت کرنے والے ہیں، خلافت کی اطاعت کرنے والے ہیں اور درجہ بدرجہ جو بھی اولوالامر ہے اس کی اطاعت کرنے والے ہیں کیونکہ اگر اطاعت اور فرمانبرداری نہیں تو پھر آپ کی تربیت نتیجہ خیز ہوسکتی ہے نہ دعوت الی اللہ نتیجہ خیز ہوسکتی ہے۔ ہر ایک کا اپنا اپنا قبلہ ہوگا اور جب قبلے مختلف ہو جائیں تو اکائی نہیں رہتی، وحدت نہیں رہتی اور جب وحدت نہیں رہتی تو پھر نہ ہی کسی کام میں برکت پڑتی ہے نہ ہی اس کام کے نیک نتائج نکل سکتے ہیں۔ پس یہ جو بعض لوگوں کو خیال ہوتا ہے کہ شاید اطاعت ہمیں علم سے محروم کررہی ہے، اطاعت ہمیں سوچ سے محروم کررہی ہے یا اطاعت ہمیں آگے بڑھنے سے محروم کررہی ہے، یہ غلط ہے۔ اطاعت سے ہی ساری چیزیں حاصل ہوتی ہیں اور صرف اپنے لئے نہیں بلکہ آپ لوگوں کو بھی آگے بڑھاتے ہیں۔ اب اللہ تعالیٰ نے تو یہی فرمایا ہے کہ اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو۔ سوال یہ ہے کہ یہ

باقی صفحہ 11 پر

مکرم سید شمشاد احمد ناصر صاحب

محترم عبدالوہاب آدم صاحب ایک محنتی واقف زندگی

مکرم عبدالوہاب آدم صاحب سابق امیر و مشنری انچارج جماعت احمدیہ گھانا مغربی افریقہ احمدیت کے وہ سپوت اور بطل جلیل تھے جنہوں نے چار خلفائے احمدیت کا زمانہ پایا اور پہلے افریقن مرکزی مربی اور امیر تھے۔ آپ چونکہ برطانیہ میں بھی دینی خدمات بجا لاتے رہے ہیں اس لئے یورپ کے بھی پہلے افریقن مربی تھے۔ افریقن ممالک میں آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے ایک بااثر شخصیت تھے آپ کو اپنی دینی خدمات کی بجا آوری کے سلسلہ میں گھانا سمیت بعض دیگر ممالک کے سربراہان مملکت سے بھی ملاقاتوں کا شرف حاصل ہوا اور انہیں آپ نے قرآن مجید جیسی عظیم الشان کتاب اور دینی لٹریچر پیش کرنے کی سعادت ملی۔

جب خاکسار جامعہ احمدیہ میں زیر تعلیم تھا اس وقت مجھے بھی اور میرے دیگر ساتھیوں کو بھی دنیا کے مختلف ممالک سے آئے ہوئے اپنے واقفین بھائیوں سے ملاقات کے خاص مواقع میسر آئے۔ اس وقت انڈونیشیا، فجی، گھانا، نائیجیریا، تنزانیہ اور دیگر ممالک کے واقفین طالبعلم زیر تعلیم تھے اور گھانا کے دیگر طالب علموں کے ساتھ مکرم یوسف یاسین صاحب میرے کلاس فیلو تھے، وہاں سے ہی دراصل گھانا کا تعارف ہوا۔ (مکرم یوسف یاسین صاحب اس وقت گھانا ہی میں نائب امیر کے طور پر خدمات دینیہ بجا لا رہے ہیں)

محترم عبدالوہاب بن آدم صاحب سے خاکسار کی ملاقات تو اس وقت تک نہیں ہوئی تھی۔ نام ضرور ان کا سنا ہوا تھا۔ جب میری تقرری گھانا کے لئے ہوئی تو ویزے میں کچھ دیر لگ گئی۔ ایک دن خاکسار ذاتی ملاقات کے لئے حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا ابھی تک یہاں ہی گھوم رہے ہو گھانا کیوں نہیں گئے؟ خاکسار نے عرض کی: حضور! ویزے کا انتظار کر رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کو کہیں کہ وہ تبشیر سے اور وہاب صاحب سے کہہ کر ویزے کا جلدی انتظام کریں۔

جب ویزا آ گیا تو پھر حضور سے ملاقات کے لئے گئے، ہم تین مربیان تھے، خاکسار کے ہمراہ مکرم حمید احمد ظفر صاحب اور مکرم عبدالمغنی زاہد صاحب نائیجیریا کے لئے جا رہے تھے۔ ملاقات اور تصاویر ہوئیں یہ مئی 1978ء کے دن تھے اور حضور برطانیہ میں کسر صلیب کانفرنس میں تشریف لے جانے کی وجہ سے بے حد مصروف تھے آپ نے پھر بھی ہمیں شرف ملاقات بخشا اور نصائح فرمائیں۔

گھانا میں جب ہم دونوں مربیان مکرم حمید احمد ظفر صاحب اور خاکسار پہنچے تو مکرم امیر عبدالوہاب آدم صاحب مع مکرم غلام احمد صاحب خادم (مربی سلسلہ اکرا حال انگلستان) ہمیں لینے کے لئے ایئرپورٹ پر تشریف لائے ہوئے تھے۔

پھر 4 سال کا عرصہ خاکسار نے مکرم عبدالوہاب صاحب آدم کے ساتھ گزارا اور خاکسار کی یادداشت میں آپ انتہائی صبر کرنے والے، محنتی، اپنے کام میں مگن، عبادت گزار واقف زندگی تھے۔ آپ کے بارے میں ایک دفعہ مکرم محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب نے خاکسار کو لکھا کہ میری طرف سے انہیں محبت بھرا اسلام اور دعا کے لئے کہیں۔ ''وہاب صاحب چھپے ولی ہیں۔''

گھانا میں میرے قیام کے دوران مکرم عبدالوہاب صاحب کو ربوہ آنے اور جلسہ سالانہ میں شرکت کرنے کا موقعہ ملا۔ جب آپ ربوہ گئے تو ہمارے گھر تحریک جدید کے کوارٹر میں بھی میری فیملی سے ملنے کے لئے گئے۔ میرا بیٹا سید ممتاز احمد اس وقت بہت چھوٹا تھا اسے اپنی گود میں بٹھائے رکھا۔ اور اس کے لئے چاکلیٹ وغیرہ تحفہ لے کر گئے اور واپس آ کر خیریت کی اطلاع دینے کے علاوہ گھر کے حالات بھی بتائے۔

اور پھر تمام مربیان سلسلہ کے لئے ربوہ سے آتے ہوئے گفٹ لے کر آئے کسی کو پرفیوم تو کسی کو الیس اللہ والی انگوٹھی تو کسی کو رومال وغیرہ تحفہ دیا۔

کسی بھی ریجن اور کسی بھی مربی نے اپنے ریجن میں جب بھی انہیں بلایا ہمیشہ تشریف لے جاتے اور وہاں کے سارے پروگرام میں شرکت فرماتے، لوگوں سے ملتے، تقریر کرتے، سوالوں کے جواب دیتے۔ عاملہ کی میٹنگ ہوتی یا کسی سے ملاقات ہوتی، شوریٰ ہوتی، ہر ایک کی بات بڑے تحمل سے سنتے تھے اور توجہ سے سنتے تھے خواہ کوئی شخص کتنا ہی بول رہا ہے اسے بولنے دیتے اور پھر بعد میں حکیمانہ انداز میں سمجھا بھی دیتے۔ اکتاہٹ نام کو نہ تھی۔

دورہ جات پر جاتے ہوئے، **راستہ میں گاڑی میں الفضل کے بنڈل بھی ساتھ رکھتے تھے** جو مطالعہ کرتے اور پھر جب منزل مقصود پر پہنچ جاتے اپنی **تقاریر میں الفضل سے حضور کی باتوں کو، پیغام کو اور جماعت سے متعلق امور کو جماعت تک پہنچاتے۔**

خدا تعالیٰ نے تقریر کرنے کا ملکہ بھی عطا کیا ہوا تھا۔ آپ کی تقریر کے دوران (اکثر مقامی زبان میں بعض اوقات انگریزی میں) احباب کثرت سے نعرے بھی لگاتے اور نظمیں بھی پڑھتے تھے۔ جس سے اندازہ ہو جاتا تھا کہ آپ کی تقریر دلوں پر اثر کر رہی ہے۔

خلافت سے محبت اور اطاعت

خاکسار کو ابتدائی چند ماہ آپ کے ساتھ دفتر میں بھی کام کرنے کا موقع ملا۔ خاکسار نے یہ مشاہدہ کیا کہ آپ کوئی بھی جماعتی کام خلیفہ وقت کی اجازت اور منظوری کے بغیر نہ کرتے تھے۔ خطوط چونکہ میں لکھتا تھا جب بھی کوئی کام کرنا ہوتا آپ اس کی اجازت لیتے۔ پروٹوکول کا خیال پورا پورا رکھتے تھے۔ اور اجازت ملنے پر ہی وہ کام کرتے تھے۔

1977ء میں ہی غالباً جماعت احمدیہ گھانا نے پہلی مرتبہ قرآن کریم شائع کیا تھا اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے جلسہ سالانہ پر اس کا اعلان فرمایا۔ اس پر بہت خوش تھے کہ ہمیں حضور کے ایک فرمان کی اطاعت کی توفیق ملی۔ اور جماعت احمدیہ گھانا کیلئے آپ اسے ایک بہت بڑی سعادت سمجھتے تھے۔

جماعت احمدیہ گھانا کی تو یہ خوش قسمتی تھی ہی اس میں مکرم امیر وہاب آدم صاحب کے ساتھ ساتھ 3 اور مربیان مکرم غلام احمد خادم صاحب مکرم حمید ظفر صاحب اور خاکسار کو بھی کام کرنے کی سعادت ملی تھی۔

1980ء کی بات ہے کہ جب حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے مغربی افریقہ کے چند ممالک کا دورہ فرمایا تو گھانا بھی تشریف لائے۔ محترم وہاب صاحب نے بڑی محنت سے گھانا کے لئے حضور کا پروگرام تیار کیا۔ جب حضور اکرا ایئرپورٹ پر پہنچے تو احمدی احباب کا ایک جم غفیر ایئرپورٹ پر استقبال کیلئے موجود تھا۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق 20 ہزار سے زائد لوگ استقبال کے لئے موجود تھے۔ سب لوگوں نے سفید لباس اور سفید رومال لہرا لہرا کر حضور کا استقبال کیا۔ جب حضور جہاز کے دروازہ سے باہر نکلے ہیں تو دروازہ پر کھڑے ہو کر حضور نے ہاتھ ہلا کر سب کو جواب دیا۔ پھر حضور کا دورہ ہوا مختلف مقامات پر بیوت الذکر، ہسپتال اور مشن ہاؤسز کا دورہ کیا۔ ہر جگہ جم غفیر دیکھنے کو تھا۔ اکرا سے کماسی (KUMASI) جاتے ہوئے راستے میں تمام جگہوں پر یہ ہجوم نظر آتا تھا بلکہ کماسی میں داخل ہونے سے بہت پہلے ہی میل ہا میل لوگ استقبال کے لئے سڑک کے دونوں کناروں پر نظر آ رہے تھے اور ہاتھ ہلا ہلا کر اپنے جذبات کا اظہار کر رہے تھے۔ احمدیوں کے علاوہ دوسرے مہمان اور غیر بھی اس استقبال میں شامل تھے۔

یہ سب حکمت عملی مکرم عبدالوہاب آدم صاحب کی تھی حضور سٹیٹ ہاؤس کے گیسٹ ہاؤس میں قیام پذیر تھے۔ ایک موقع پر گیسٹ ہاؤس میں تکنیکی خرابی کی وجہ سے پانی بند ہو گیا۔ جس کی سب کو فکر تھی۔ مگر وہاب آدم صاحب کو سب سے زیادہ فکر تھی۔ اور پانی کی فراہمی کے لئے آپ سے جو کچھ بن پڑتا تھا وہ کیا تا کہ حضور کو کسی قسم کی کوئی پریشانی نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلد ہی وہ تکلیف دور ہو گئی۔ یہ بات یاد رہے کہ ان ایام میں گھانا کی معاشی حالت بھی بہت ابتر تھی۔

ان دنوں میں یہ بات مشاہدہ میں آئی کہ محترم امیر صاحب نے بالکل آرام نہیں کیا۔ دن رات جاگ کر کام کیا تا کہ خلیفہ وقت کا دورہ ہر لحاظ سے کامیاب ہو جائے اور پھر خدا تعالیٰ کے فضل سے ایسا ہی ہوا۔ ہم آپ کی اس محنت شاقہ پر حیران ہوتے تھے اور آپس میں اس کا ذکر کرتے تھے کہ آپ آرام کس وقت کرتے ہیں۔ غالباً آپ اس دوران بیمار بھی ہو گئے تھے۔ مگر کسی پر اس کا اظہار بھی نہ ہونے دیا۔ 2008ء میں بھی جب خلافت جوبلی کا جلسہ ہوا ہے اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ گھانا تشریف لے گئے اس وقت تو خدا تعالیٰ کے فضل سے لاکھوں کا مجمع تھا۔ میرے پاس وہ الفاظ نہیں جس سے میں ان جذبات کا اظہار کر سکوں کہ محترم عبدالوہاب آدم صاحب نے کس طرح دن رات کام کر کے جماعت کی ترقی کے لئے کام کیا اور جماعت کے لوگوں میں خلافت کی محبت اور برکات کو اجاگر کیا اور پھر کس طرح احباب جماعت نے اس کا حضور کے دورہ کے دوران اظہار کیا۔ خصوصاً جب نماز جمعہ ہونی تھی اس قدر گرمی کہ الامان۔ مگر لوگ تھے کہ کئی گھنٹے جمعہ کے شروع ہونے سے قبل آ کر میدان میں بیٹھ گئے۔ جہاں نہ تو کوئی سائبان تھا نہ درخت کا سایہ نہ کوئی چھت اور سورج کی تپش بھی ایسی کہ برداشت سے باہر۔ مگر لوگوں کے دلوں میں جس طرح خلافت کی محبت تھی کہ اس کے لئے کسی بات کی پرواہ کئے بغیر کئی گھنٹے لوگ دھوپ میں بیٹھے رہے اور نماز جمعہ کے اختتام پر جب حضور گاڑی میں رہائش گاہ پر جانے کے لئے نکلے ہیں تو جانا ہی مشکل تھا۔ کیا عورتیں، کیا بچے، کیا بوڑھے حضور کی ایک جھلک دیکھنے کے لئے امڈتے پڑ رہے تھے۔ پس یہ آپ کی اپنی بھی خلافت سے محبت تھی اور وہی محبت انہوں نے احباب جماعت کے دلوں میں بھی پیدا کرنے کی کوشش کی۔

جب حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ کا دورہ ہوا تھا اس وقت آپ کی حفاظت کے عملہ میں ''مکرم شیر بہادر صاحب'' بھی تھے انہوں نے رات کو مجلس میں بیٹھے ہوئے اس بات کا اظہار کیا (اس مجلس میں جناب چوہدری انور حسین صاحب شیخوپورہ، مکرم مسعود دہلوی صاحب ایڈیٹر الفضل اور خاکسار تھے) کہ لوگوں نے تو پتہ نہیں کب احمدیت کی ترقی اور غلبہ دیکھنا ہے ہم نے آج احمدیت کی ترقی اور غلبہ دیکھ لیا ہے۔ آپ کا اشارہ ایئرپورٹ پر حضور کے استقبال کے بارے میں تھا۔

خاکسار کو 1978ء تا 1982ء گھانا میں خدمت کی سعادت ملی۔ خاکسار کا تقرر کوفوریڈوا میں ہوا تھا۔ یہ نیا مشن ہاؤس تھا اور اسے کھلے ہوئے بہت ہی تھوڑا عرصہ ہوا تھا ابھی تک یہاں پر اپنا مشن ہاؤس بھی نہ تھا بلکہ کرائے کے مکان میں مشن ہاؤس تھا۔ یہاں پر ہی ریجنل اور لوکل میٹنگز ہوتیں، نمازیں اور جمعہ ہوتا تھا۔

ایک دن شام کو خاکسار کو مکرم عبدالوہاب آدم صاحب کا خط ملا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالثؒ نے

خاکسار کا ٹرانسفر گھانا سے سیرالیون کر دیا ہے اس لئے میں سیرالیون جانے کی تیاری کروں۔ اگلے دن جمعہ تھا۔ خاکسار نے خطبہ جمعہ کے بعد وہ خط پڑھ کر سنا دیا۔ نماز سے فراغت کے بعد لوکل کوفوریڈوا کے صدر صاحب مکرم رئیس علی صاحب نے کہا کہ میں کچھ کہنا چاہتا ہوں، میں نے کہا ٹھیک ہے۔ میں نے سمجھا کہ کچھ اعلان کرنا ہو گا وہ انگریزی نہ جانتے تھے مقامی زبان ہی میں بات کرتے تھے۔ وہ کھڑے ہوئے، 3،4 منٹ تک روتے رہے اور پھر خاموشی سے بیٹھ گئے۔ مجھے کچھ سمجھ نہ آئی کہ کیا بات ہے؟ اس کے بعد مکرم عبدالحکیم صاحب جو خاکسار کے خطبہ کا لوکل زبان میں ترجمہ کرتے تھے انہوں نے اجازت لی کہ وہ کچھ کہنا چاہتے ہیں میں نے کہا ٹھیک ہے۔ انہوں نے انگریزی میں کہنا شروع کیا کہ مولوی صاحب آپ نے ہم سب پر بہت زیادتی کی ہے جو اپنے ٹرانسفر کا خط اس طرح ہمیں پڑھ کر سنایا۔ اور یہ سب پر شاق گزرا ہے اور یہی وجہ ہے کہ صدر صاحب کو اس کا اس قدر قلق ہے اور تکلیف ہے کہ ان سے کچھ کہا بھی نہیں جا رہا میں پریشان ہو گیا۔ یہ ان سب کی محبت تھی جس کا اظہار انہوں نے خاکسار کے ساتھ اس طرح کیا۔

اگلے دن ہی ریجنل چیئرمین صاحب جو کہ ایک ہائی سکول کے ہیڈ ماسٹر تھے نے مجھے فون کیا کہ میں نے اپنے ریجن کی عاملہ کا ایک ہنگامی اجلاس بلایا ہے اور وہ مشن ہاؤس میں ہو گا۔ میں نے ان سے نہ پوچھا کہ کیوں اجلاس بلایا ہے یا ایجنڈا کیا ہے۔

خیر ہنگامی اجلاس ہوا، میٹنگ ہوئی سب نے مقامی زبان ہی میں میٹنگ کی۔ مجھے میٹنگ کے بعد بتایا کہ ہم نے ایک وفد تشکیل دیا ہے اور ہم جلد ہی محترم امیر صاحب کے پاس اکرا نیشنل ہیڈ کوارٹر میں جا کر ملنا چاہ رہے ہیں اور آپ کے ٹرانسفر کے بارے میں بات کرنی ہے۔ خیر وفد محترم امیر عبدالوہاب آدم صاحب کی خدمت میں پہنچا اور جا کر انہوں نے اپنا مدعا بیان کیا کہ ہم چاہتے ہیں مولوی شمشاد صاحب کا تبادلہ ابھی نہ کیا جائے۔ ساری جماعت ان سے محبت کرتی ہے۔ انہوں نے اچھا کام کیا ہے آپ حضور کی خدمت میں لکھیں کہ انہیں ابھی یہاں سے کسی اور جگہ نہ بھجوایا جائے۔ محترم امیر صاحب نے سب کی باتیں سنیں اور آخر میں بڑے ہی حکیمانہ انداز میں فرمایا کہ

دیکھو میں تمہارے یہاں آنے کی قدر کرتا ہوں تم نے احسن رنگ میں اپنے جذبات کا اظہار کیا ہے اور مولوی شمشاد کی خدمات کا تذکرہ کیا ہے یہ سب کچھ ٹھیک۔ پھر کہنے لگے کہ دیکھو ایک صدر جماعت اپنی جماعت کی فلاح و بہبود دیکھتا ہے کہ اس کی جماعت میں ترقی ہو۔ ایک ریجنل چیئرمین چاہتا ہے کہ اس کے ریجن میں ترقی ہو ایک ملک کا امیر چاہتا ہے کہ اس کے ملک میں احمدیت کی ترقی ہو اور پھر سب سے بڑھ کر خلیفہ وقت ہیں جو چاہتے ہیں کہ ساری دنیا میں جماعت کی ترقی ہو۔

اب خلیفہ وقت کو حالات کا علم ہے انہیں معلوم ہے کہ کس نے کہاں کام کرنا ہے یا کس کی خدمت کی کہاں ضرورت ہے۔ اب میں حضور کو کس طرح کہوں کہ آپ نے یہ ایسا کیوں کیا ہے کہ مولوی شمشاد صاحب کا ٹرانسفر کر دیا ہے میں یہ بات حضور کو نہیں کہہ سکتا۔

آپ نے اس طرح انہیں یہ بات سمجھائی کہ وہ سمجھ گئے اور اس طرح آپ نے نہایت احسن رنگ اور حکیمانہ انداز میں انہیں خلافت کی اطاعت، اہمیت اور برکات سمجھا دیں۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے وہاب صاحب کی وفات پر جو خطبہ دیا تھا اس میں بھی اس کا ذکر فرمایا ہے۔

لندن میں جب آپ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی ہجرت کے بعد پہلے جلسہ سالانہ میں شرکت کے لئے گئے۔ تو واپس آ کر انہوں نے جلسہ کے حالات سنانے کے علاوہ ایک بات خاص طور پر بیان کی کہ۔

حضور ہر وقت خوش رہتے ہیں اور ملاقاتوں کے دوران یہ بالکل محسوس نہیں ہونے دیتے کہ انہیں کسی قسم کا کوئی فکر بھی ہے مگر آپ کے دل کی کیفیت کا صحیح اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب آپ بیت فضل میں نمازیں پڑھاتے ہیں جس درد اور سوز میں ڈوبی ہوئی نماز ہوتی تھی اس سے آپ کے دل کی کیفیت کا اندازہ ہو جاتا تھا کہ کس طرح آپ کو احمدیت کی ترقی اور پاکستان کے احمدیوں کی فکر ہے۔

میں جب گھانا میں تھا تو ربوہ سے خط آئے ہوئے کافی دن ہو گئے پریشانی تھی کیونکہ میرا بیٹا عزیزم سید ممتاز احمد بیمار تھا اور اس کی بیماری کی وجہ سے گھر میں سب پریشان تھے۔ میں نے آپ سے بھی ذکر کیا تھا دعا کے لئے۔ ایک دو دن بعد جب ڈاک آئی تو خوشی سے مجھے بلایا کہ لو آپ کے گھر سے خط آ گیا ہے۔ میں نے خط پڑھ کر کہا کہ یہ تو ابا جان کا خط ہے گھر سے (یعنی اہلیہ کا) نہیں آیا۔

بس پھر کیا تھا یہ لطیفہ بن گیا اور سب میں بیٹھ کر اس لطیفے کا ذکر کرتے اور محظوظ ہوتے۔ کہ شمشاد صاحب کو ابھی گھر سے خط نہیں آیا اور پھر سب کو تفصیل بتاتے۔

میں نے مزاح کا ذکر کیا ہے ایک اور واقعہ جسے آپ بڑا پسند کرتے اور ایک مخصوص انداز میں خاکسار کو مولوی زم زم کہتے تھے۔ ہوا یوں کہ اکرا سے قریباً 20 میل پر ایک جگہ TEMA ہے۔ وہاں پر بھی اس وقت تک کرائے کا مشن ہاؤس تھا اپنی جگہ اور مشن ہاؤس ابھی نہ تھا۔ مکرم غلام احمد صاحب خادم وہاں کے مربی تھے۔ تو جگہ کی خرید اور بیت بنانے کی تجویز زیر غور تھی۔ اس کے لئے وہاں پر جلسہ ہوا۔ جس میں مولانا ابراہیم بن یعقوب صاحب کے والد بزرگوار یعقوب صاحب نے بھی شرکت کرنا تھا۔ وہ بہت ہی مخلص اور مالی قربانیوں میں پیش پیش تھے۔ تو اس وقت گھانا میں رواج تھا کہ جب رقم کی ضرورت ہوتی تو جلسہ کیا جاتا تھا اور اس میں اس کی ضرورت اور اہمیت بیان کی جاتی تھی۔ چنانچہ جلسہ ہوا اور اس کی صدارت مکرم امیر صاحب نے کی۔ ایک تقریر خاکسار کی تھی کہ ''بیت الذکر کی اہمیت'' اور سب سے آخری تقریر مکرم یعقوب صاحب کی تھی۔ انہوں نے مالی قربانی Open بھی کرنا تھا اور تقریر بھی کرنی تھی۔ جب ان کی باری آئی تو انہوں نے اپنی تقریر (جو کہ مقامی زبان میں تھی) کی کہ ابھی آپ نے مولوی زم زم کی تقریر سنی ہے جس میں انہوں نے بیت الذکر میں نماز کا ثواب بیان کیا ہے۔ بس انہوں نے مجھے مولوی زم زم کہا۔ جس سے میرا نام مولوی زم زم پڑ گیا اور آپ ملنے پر مجھے مولوی زم زم ہی کہہ کر پکارتے اور محظوظ ہوتے۔

امریکہ میں بھی خاکسار کے یہاں ہوتے ہوئے آپ کا ایک دو دفعہ آنا ہوا تو گھانا سے میرے لئے اور میرے بچوں کیلئے تحائف لے کر آئے۔ جلسہ یوکے پر بھی کئی دفعہ ملاقات ہوئی تو وہاں پر بھی چاکلیٹ کے ڈبے تحفہ میں دیئے۔ بلکہ خلافت جوبلی والے جلسہ میں تو یوکے میں بہت سے ڈبے لے کر آئے اور دوستوں کو تحفہ دیئے۔ خلافت جوبلی کے جلسہ کا ذکر ہوا ہے تو خاکسار کو بھی 2008ء میں خلافت جوبلی جلسہ گھانا میں بطور امریکہ کے نمائندہ کے شرکت کی سعادت ملی۔ ہمارے پیارے امام سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بھی اس جلسے میں گھانا کو سعادت بخشی۔ باوجود بہت مصروف ہونے کے صبح نماز فجر کے بعد تمام مہمانوں کو گھر لے جاتے۔ خواہ ان کی تعداد کتنی ہی کیوں نہ ہوتی۔ سب کو اپنے ساتھ چائے، پانی، سوڈا، بسکٹ، مٹھائی اور کوکونٹ کے پانی سے تواضع فرماتے۔ لطیفے بھی سناتے، مزاح بھی کرتے اور محظوظ بھی ہوتے۔ اس دوران کوئی اور آپ کی مدد اور معاونت کرتا تو پسند نہ کرتے بلکہ خود ہی مہمان نوازی کرتے اور مہمانوں کے ذوق کے مطابق انہیں اشیاء پیش فرماتے۔

آپ کو مقامی زبانوں کے علاوہ عربی، اردو، انگریزی کی زبانوں پر بھی کافی عبور تھا اور ان سب زبانوں میں اچھی مہارت تھی۔ ایک دفعہ مجھے اردو میں اپنی رپورٹ لکھنی تھی ایک لفظ انگریزی زبان میں تو ذہن میں آ رہا تھا مگر اس کی اردو نہ آ رہی تھی۔ کچھ دیر غور کرتا رہا حافظے پر زور دیتا رہا مگر اس انگریزی کے لفظ کا اردو لفظ نہ آیا۔ خاکسار جس دفتر میں تھا اس کے ساتھ ہی آپ کا بھی دفتر تھا۔ میں نے کہا امیر صاحب ایک لفظ کا اردو ترجمہ چاہئے کہنے لگے کس لفظ کا؟ میں نے کہا Activities کا۔ فوراً کہنے لگے کہ ''مساعی'' مجھے حیرانی بھی ہوئی اور شرمندگی بھی۔

آپ کی ایک اور بڑی خوبی یہ تھی کہ خطوں کے جواب بھی باقاعدگی سے دیتے تھے۔ خاکسار نے جب بھی گھانا سے واپس آ کر انہیں سیرالیون سے یا امریکہ سے خط لکھا ہمیشہ جواب دیا اور خط میں بڑے پیار اور محبت کا اظہار فرماتے۔

سویڈرو میں ان دنوں مکرم ڈاکٹر لئیق احمد صاحب فرخ ہوا کرتے تھے۔ جو نصرت جہاں سکیم کے تحت خدمات بجا لا رہے تھے ان کا عرصہ ختم ہو چکا تھا اس لئے محترم عبدالوہاب آدم صاحب نے اکرا مشن ہاؤس میں ہم سب کو الوداعیہ پارٹی دی جس میں ممبران عاملہ، ڈاکٹر صاحبان، مربیان کرام اور لوکل جماعت کے افراد شامل تھے۔ مغرب کے بعد یہ فنکشن ہوا بہت پُر وقار اور پُر تکلف تھا۔ محترم امیر صاحب نے مربیان کرام اور مکرم ڈاکٹر لئیق صاحب کی خدمات کو سراہا اور تحائف سے سب کو نوازا۔

اس تقریب میں انہوں نے ایک بات خاص طور پر بیان کی کہ مربیان کرام تو واقف زندگی ہوتے ہی ہیں۔ انہیں نہ کسی انعام کی ضرورت ہے نہ کسی تحفے کی یہ جماعت کی طرف سے محبت کا ایک اظہار ہے۔ لیکن یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ مربیان تو واقف زندگی کی حیثیت سے کام کرتے ہی ہیں لیکن ان کی بیویاں بھی قربانیوں میں سے کسی سے پیچھے نہیں ہوتیں۔ جو مربی کی غیر حاضری میں بچوں کی تربیت اور ان کو پالتی ہیں۔ اسی قسم کے جذبات کا اظہار کیا اور پھر ہم سب کے اہل خانہ کے لئے بھی الگ الگ تحائف دیئے۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے آپ کے دور امارت میں جماعت احمدیہ گھانا نے ترقی کے بہت سے مراحل طے کئے اور اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی ترقیات جماعت کو عطا کیں اور یہ آپ کی خدمت سے وابستگی، غیر مشروط اطاعت ہی اس کا راز ہے۔ آپ کی وفات پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا کہ:

''یہ ہیں نیک نیتی سے کئے گئے وقف کی برکات کہ دین کی خدمت کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے دنیاوی اعزازات سے بھی نوازا۔ اگر وقف نہ ہوتے تو پتہ نہیں کوئی اور کام کر رہے ہوتے تو پتہ بھی نہ ہوتا کہ کون ہیں وہاب صاحب؟''

اللہ تعالیٰ تمام واقفین کو بھرپور خدمات کی توفیق دے اور ان کے درجات بلند فرمائے اور ہم سب کو احمدیت وخلافت سے وابستہ رکھے۔ آمین۔

HM
5077

مکرم حافظ عبدالحلیم صاحب

خدا تعالیٰ کی تائید و نصرت کے نظارے

بادل خوب برسا

محترم ماسٹر محمد صدیق صاحب کی وفات کے موقعہ پر ان کے ایک ساتھی استاذی المکرّم ماسٹر ملک محمد اعظم صاحب نے ان کے ایمان و یقین اور توکل کا واقعہ کچھ اس طرح سنایا۔

جن دنوں میں زمینداری کے پیشہ سے منسلک تھا اتفاق ایسا ہوا میری گھوڑی جو کہ مجھے بہت عزیز تھی چور کھول کر لے گئے۔ یہ واقعہ جمعرات کی شام کا ہے۔ اگلا دن جمعہ کا تھا۔ دوسرا اتفاق یہ ہوا کہ کھیتوں میں پانی لگانے کی میری باری بھی تھی۔ صبح کھوجیوں کے ساتھ چلنا تھا میں نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ نماز جمعہ نہ رہ جائے۔ لہٰذا میں کھوج کے لئے اس دن افراد لے جانے سے معذرت خواہ ہوں پانی کی باری بھی عین جمعہ کی نماز کے وقت کے قریب تھی۔ میں نے پانی کی باری سے بھی فائدہ اٹھانے سے احتراز کیا اور نماز جمعہ کو مقدم جانا اور تیاری کر کے قریب گاؤں میں جمعہ کی ادائیگی کے لئے چلا گیا۔ قدرت خدا کی رات کو خوب بادل برسا ہر طرف جل تھل ہو گیا خدا کے احکام کی بجا آوری کی خاطر پانی کی باری سے فائدہ نہ اٹھایا تو خدا نے زمین کو اتنا پانی دیا کہ وارے نیارے ہو گئے اور دوسری اہم اور دلچسپ بات بلکہ معجزہ یوں ہوا کہ جمعہ کی رات کو ہی گھوڑی رسہ تڑوا کر واپس بھاگ آئی اور صبح جب میں اٹھا تو دیکھا کہ وہ گھوڑی جو چور لے گئے تھے۔ وہ میرے گھر واپس پہنچ چکی تھی۔ سچ ہے خدا کی خاطر انسان اگر اپنا وقت خرچ کرتا ہے تو خدا تعالیٰ اسے ضائع نہیں کرتا اور اپنے بندے کے لئے تائید و نصرت کے نظارے دکھاتا ہے۔

ایک بکری سے ریوڑ بن گیا

☆ ربوہ کے ہمارے ایک عزیز دوست برلب سڑک کاروبار چلاتے ہیں اور کچھ بکریاں بھی انہوں نے پال رکھی ہیں۔ میں نے ایسے ہی پوچھا بظاہر تو آپ کے کام کے ساتھ اس کا تعلق نہیں ہے۔ کہنے لگے چند سال کی بات ہے ایک شخص آیا اس نے کہا میں یہ بکری فروخت کرنا چاہتا ہوں۔ اس کے ساتھ 1200 کے قریب سودا ہوا میں نے رقم ادا کر کے بکری رکھ لی۔ اللہ کی قدرت کہ اس ایک بکری سے ہی یہ سارا ریوڑ بنا ہوا ہے۔ جو نر جانور جوان ہو جاتا ہے میں تحفہ کے طور پر دارالضیافت بھجوا دیتا ہوں۔ اللہ کی مہربانی سے خوب رونق لگی ہوئی ہے برکت پڑتی ہے۔ اور دلچسپ بات یہ ہے کہ برلب سڑک ہر وقت یہ چھوٹے چھوٹے جانور بھی پھرتے رہتے ہیں مگر اللہ کی مہربانی سے ان کو کبھی کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ ایک دن تو معجزہ ہی ہو گیا ایک چھوٹا میمنا ٹرک کے نیچے آ گیا۔ ہماری چیخیں نکل گئیں۔ لیکن ٹرک جب آگے گزر گیا تو وہ چنگا بھلا بیٹھا ہوا تھا۔

ہوش آ گیا

ہمارے ایک دوست چوہدری محمد ارشد صاحب بڑی ہی تکلیف دہ مرض گردوں کے عارضہ میں مبتلا رہے ہیں۔ میں عیادت کے لئے گیا ان کی خیریت دریافت کی حال احوال پوچھا انہوں نے جو بتایا اس نے تو مجھے ہلا کر رکھ دیا۔ کہنے لگے میرے گردوں کا آپریشن C.M.H راولپنڈی میں ہونا تھا۔ ڈاکٹروں کے بورڈ نے صاف صاف کہہ دیا کہ بھائی آپ چونکہ عارضہ قلب میں مبتلا ہیں اور ساتھ شوگر بھی ہے۔ لہٰذا آپ کے لئے گردوں کا آپریشن جان لیوا بن سکتا ہے۔ میں نے انہیں کہا کہ میرے پیچھے ایک ایسا ہاتھ ہے اور دعائیں ہیں کہ مجھے پورا یقین ہے اللہ میری دستگیری فرمائے گا۔ چنانچہ میرے اصرار پر انہوں نے کہا اچھا پھر اشٹام پر اپنے ہاتھ سے لکھ دو چنانچہ میں نے لکھ دیا کہ نتائج کی مجھے پرواہ نہیں ہے اور میں بشرح صدر لکھتا ہوں کہ میرا آپریشن کر دیا جائے۔ لہٰذا میرا آپریشن کر دیا گیا۔ آپریشن کے بعد ڈاکٹرز نے میرے اٹنڈنٹ ناصر احمد جو کہ میرے بہنوئی بھی ہیں کو کہا کہ آپ سامان وغیرہ کے پاس ہی رہیں کہیں دور نہ جائیں۔ کچھ بھی ہو سکتا ہے۔ لہٰذا آپ کہیں ادھر ادھر بھی نہ جائیں تاکہ ہمیں مشکل نہ پڑے۔ مریض کا بچنا بہت مشکل ہے۔

مجھے چوتھے روز ہوش آ گیا۔ ڈاکٹرز نے کہا کہ تم معجزانہ بچے ہو۔ الغرض یہ قبولیت دعا کا نتیجہ ہی تھا۔

میں نے ڈاکٹر سے کہا میری صحت کے لئے ایک جماعت دعا کر رہی ہے کیونکہ بذریعہ اخبار دعا کا اعلان شائع ہوتا ہے۔ اور میری صحت کے لئے امام وقت کی خدمت میں بذریعہ فیکس دعا کی درخواست باقاعدگی سے کی جاتی رہی ہے۔ لہٰذا یہ معجزہ دعاؤں کی قبولیت کا معجزہ ہے۔

حضرت مسیح موعود کیا خوب فرماتے ہیں۔

’’دکھوں کے جنگل میں مجھے طاقت دی گئی ہے‘‘

اللہ یہ مان سلامت رکھے۔ اور ہمیشہ ہمیں دعاؤں کے حصار میں رکھے۔ آمین ع

اے غلام مسیح الزماں ہاتھ اٹھا موت آ بھی گئی ہو تو ٹل جائے گی

☆ قبولیت دعا کا تذکرہ چل پڑا۔ بہت سارے قارئین کو یاد ہو گا اڑھائی سال پہلے پنڈی بھٹیاں کے قریب ہماری گاڑی جو کہ جماعتی کام کے لئے جا رہی تھی تو حادثہ پیش آ گیا ہمارے دو ساتھیوں کو خدا نے بلا لیا۔ میں اور برادرم حافظ محمد نصر اللہ صاحب زخمی ہو گئے مجھے چونکہ سر پر بہت گہرے زخم آئے تھے یہاں تک کہ ابتداء میں تو لوگوں کے لئے چہرہ پہچاننا مشکل تھا۔ چند دن مسلسل بے ہوشی طاری رہی۔ خیر اللہ نے فضل فرمایا حضرت خلیفۃ المسیح اور احباب جماعت کی دعاؤں کے طفیل میں چند ہفتوں میں بالکل چنگا بھلا ہو گیا۔ معمولات کے مطابق زندگی چل پڑی۔ انہی دنوں میں کالج روڈ پر پیدل جا رہا تھا۔ ایک جاننے والے دوست نے مجھے روک کر کہا کہ بھائی تم وہی ہو نہ جس کا اتنا شدید ایکسیڈنٹ ہوا تھا۔ تم ٹھیک ہو بھی گئے؟ پھر کہنے لگے یہ کیا بات ہوئی۔ یہ کیا معجزہ ہو گیا میں نے انہیں کہا بھائی بات دراصل یوں ہے کہ میں جب بھی امام وقت کی خدمت میں دعائیہ عریضہ لکھتا ہوں۔ لقب القابات کے بعد عبیداللہ علیم صاحب کا یہ عاشقانہ مصرعہ ضرور لکھتا ہوں۔ ع

اے چھاؤں چھاؤں شخص تری عمر ہو دراز

چونکہ اصولی بات ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمائی ہے کہ جب تم کسی کے لئے دعا کرتے ہو تو فرشتے تمہارے حق میں دعا کرتے ہیں۔ سو میرے خدا نے میری یہ دلی دعا سنبھالے رکھی تھی۔ میں اس مقدس وجود کی درازی عمر مانگتا تھا۔ خدا نے مجھے بھی کہا جا تیری بھی عمر دراز ہو۔ سو اصل معاملہ یہ ہے۔

امن عالم کے لئے

حضرت مصلح موعود کی دعا

1952ء کی بات ہے انٹرنیشنل ورلڈ پیس ڈے (بین الاقوامی یوم امن) منانے کے لئے جاپان کی ایک انجمن نے حضرت مصلح موعود کی خدمت میں لکھا کہ جماعت احمدیہ بھی قیام امن کی کوشش میں شریک ہو اور اس اہم مقصد کے لئے ایک معین دن مقرر کر کے دعائیں کریں۔ حضور نے دنیا بھر کی جماعتوں کو ہدایت کی کہ وہ 2/اگست 1952ء بروز جمعہ قیام امن کے لئے دعا کریں۔ عام رہنمائی کے لئے حضور نے ایک نہایت جامع دعا مندرجہ ذیل الفاظ میں تجویز فرمائی:۔

’’اے خدا ہمیں سیدھا رستہ دکھا۔ ایسا رستہ جس پر مختلف اقوام کے چنیدہ لوگ جنہوں نے تیری رضا مندی کو حاصل کر لیا تھا چلے تھے۔ ہمارے ارادے پاکیزہ ہوں۔ ہماری نیتیں درست ہوں۔ ہمارے خیالات ہر بدی سے پاک ہوں۔ ہمارے عمل ہر قسم کی کجی سے منزہ ہوں۔ سچائی اور صداقت کے لئے ہم اپنی ساری خواہشات اور رغبتیں قربان کر دیں۔ ایسا انصاف جس میں رحم ملا ہوا ہو ہمارے حصہ میں آئے اور ہم تیرے ہی فضل سے دنیا میں سچا امن قائم کرنے والے بن جائیں۔ جس طرح کہ تیرے برگزیدہ بندوں نے دنیا میں امن قائم کیا اور تو ہمیں ایسے کاموں سے محفوظ رکھ جن کی وجہ سے تیری ناراضگی حاصل ہوتی ہے اور تو ہمیں اس بات سے بچا کہ ہم جوش عمل سے اندھے ہو کر ان فرائض کو بھول جائیں جو تیری طرف سے عائد ہوتے ہیں اور ان طریقوں سے بے راہ ہو جائیں جو تیری طرف لے جاتے ہیں‘‘۔

(الفضل 9 جولائی 1952ء)

مکرم ہومیو ڈاکٹر نذیر احمد مظہر صاحب

آرنیکا مونٹینا اور اوپیم

علامات اور استعمال

